پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

ایل جی ایچ نے 2 نجی ہسپتالوں میں پیشگی انتظامات مکمل کر لئے

کورونا وارڈ کیلئے 100 بستر مختص، ضرورت پڑنے پر اضافہ کیا جائے گا، آئی سی یو کی سہولت ہو گی

وائرس سے گھبرانے کی بجائے احتیاطی تدابیر اپنائیں، حکومت تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے: پروفیسر الفرید ظفر

نجی ہسپتالوں میں ڈیوٹی کرنیوالے تمام سٹاف کو حفاظتی کٹس، پک اینڈ ڈراپ اور کھانے کی سہولتیں ملیں گی

سول سوسائٹی نے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس کو قوم کا ہیرو قرار دیا، جسے سنہری حروف میں لکھا جائے گا

آئسولیشن وارڈ میں نیا سٹاف تعینات، حکومتی پالیسی پر ہفتہ ڈیوٹی کرنے والوں کو 15 دن کی چھٹی پر عملدرامد شروع: گفتگو

پرنسپل پی جی ایم آئی کا سینٹرل پارک ٹیچنگ ہسپتال اور ایوی سینا ہسپتال کا دورہ، ڈیوٹی روسٹر مرتب

لاہور 30 مارچ:۔۔۔۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر لاہور جنرل ہسپتال کی انتظامیہ نے دو قریبی نجی ہسپتالوں میں کورونا وارڈز اور آئی سی یو بنانے کے پیشگی انتظامات مکمل کر کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس کا ڈیوٹی روسٹر مرتب کر لیا تا کہ جنرل ہسپتال میں مریضوں کی تعداد میں ممکنہ اضافے کے پیش نظر انہیں مخصوص کیے گئے ہسپتالوں میں منتقل کر کے بروقت علاج معالجے کی سہولتیں فراہم کی جاسکیں۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے گزشتہ روز دونوں ہسپتالوں کا دورہ کیا اور انتظامیہ کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمہ وقت چاک وچوبند اور چوکس رہتے ہوئے اپنے فرائض کی بہتر انداز میں انجام دہی کریں اور کسی قسم کی کوتاہی نہ برتیں۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت پنجاب کے احکامات کی روشنی میں فوری عملدرآمد کرتے ہوئے ایل جی ایچ کے کورونا آئسولیشن وارڈ میں ایک ہفتہ ڈیوٹی مکمل کرنے والے ملازمین کو 15 دن کی رخصت دے دی گئی اور ان کی جگہ نئے سٹاف نے ذمہ داریاں سنبھال لیں ہیں۔ پرنسپل نے بتایا کہ ابتدائی طور پر پرائیویٹ ہسپتالوں میں پچاس پچاس بستر مختص کیے گئے ہیں اور ضرورت پڑنے پر ان کی تعداد میں مزید اضافہ کیا جا سکتا ہے جبکہ ان ہسپتالوں میں انتہائی نگہداشت وارڈ کی سہولت بھی میسر ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ نجی ہسپتالوں میں ڈیوٹی کرنے والے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کو حفاظتی کٹس، پک اینڈ ڈراپ اور کھانے کی فراہمی جنرل ہسپتال کی انتظامیہ کی طرف سے ہو گی۔

پرنسپل پی جی ایم آئی کا کہنا تھا کہ عوام کورونا وائرس سے گھبرانے کی بجائے احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل کریں اور محفوظ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کے احکامات کے مطابق حکومت متاثرہ افراد کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ حکومت اس وائرس سے لڑنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سول سوسائٹی نے کورونا جیسے خطرناک وائرس سے لڑنے والے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کو قوم کا ہیرو قرار دیا ہے جسے تاریخ میں سنہری حروف میں لکھا جائے گا۔ انہوں نے ملازمین کو تلقین کی کہ وہ ہمت اور حوصلے کے ساتھ ساتھ اپنے فرائض جاری رکھیں۔ دریں اثناء لاہور جنرل ہسپتال نے سینٹرل پارک ٹیچنگ ہسپتال اور ایوی سینا ہسپتال کے انتظامات مکمل کیے ہیں۔

☆☆☆☆